
سالگرہ مبارک
Pegham
5th
Anniversary
HAPPY BIRTHDAY!

اے ہمارے رب! ہماری غلطیوں اور کوتاہیوں سے درگزر فرما، ہمارے عمل میں تیری حدود سے جو تجاوز ہو گیا، اسے معاف فرما دے، ہمارے قدم جما دے اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

(سورۃ آل عمران۔ ۱۴۷)

## حمد

اے خدا رافع ہے تو ہی ، تو نے بخشیں رفعتیں
جو ترے آگے جھکا ہے اس نے پائیں رفعتیں
لے گیا محبوب ﷺ کو سدرہ سے آگے تو خدا
نوعِ انساں کی ملک نے واں پہ دیکھیں رفعتیں
باغ کو بخشی ہے نکہت، آسماں کو روشنی
اور دھنک کہ تو نے دے دیں اس کو رنگیں رفعتیں
تیری صناعی ہے یہ تحت الثریٰ، پاتال سب
کوہساروں کو الٰہی! تو نے دے دیں رفعتیں
ماہ و انجم، کہکشاں اور ضوفشاں خورشید سے
چشمِ انساں ہر ہیں ظاہر نور آگیں رفعتیں
تو نے بھیجا وہ نبی ﷺ جو حاملِ خلقِ عظیم
تو نے یوں اخلاق کی سب کی دکھائیں رفعتیں
تشنہ رحمت ہے تیرا پھول اور پامال ہے
جامِ کوثر سے عطا کر اس کو شیریں رفعتیں



www.pegham.com

# نعت

کوچہء سرکار ﷺ میں رنج و الم ہیں دور سب
ہر طرف نوری فضا، قلب و نظر پرنور سب
دل کی آنکھوں سے یہ دیکھا جب مواجے پر گئے
نغمہ صل علی پر ہیں ملک مامور سب
وہ شہہ ﷺ لولاک ہیں سب آسماں ان ﷺ کے لیے
ان ﷺ کے صدقے میں بنے ثور وحرا وطور سب

جب مدد آئی خدا کی، فتح مکہ ہوگیا
دیکھ کر شاہ ﷺ زمن کو خوش ہوئے رنجور سب
بیٹیوں کی جاں بچی جب آگئے شاہ امم ﷺ
ظلم بے حد سے رہائی پاگئے مجبور سب
آپ ﷺ ہی نورالہدیٰ ﷺ ہیں آپ ﷺ مصباح الظلم
ظلمتیں کفر و ضلالت کی ہوئیں کافور سب

صاحب معراج ﷺ آئے گلشن فردوس میں
دست بستہ پھول تھے رضوان و غلماں، حور سب

# پیغام روشنی

## مسلمان کی دعا

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے تھے۔

''مسلمان کی دعا اپنے مسلمان بھائی کے لیے پیٹھ پیچھے قبول ہوتی ہے۔ دعا کرنے والے کے سر کی جانب ایک فرشتہ مقرر ہے، جب بھی یہ دعا کرنے والا اپنے بھائی کے لیے بھلائی کی دعا کرتا ہے تو اس پر وہ فرشتہ آمین کہتا ہے اور (دعا کرنے والے سے کہتا ہے) اللہ تعالیٰ تمہیں بھی اس جیسی بھلائی دے جو تم نے اپنے بھائی کے لیے مانگی ہے۔ (مسلم)

## حد معاف نہیں

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

''نیک لوگوں کی لغزشوں کو معاف کر دیا کرو، البتہ اگر وہ کوئی ایسا گناہ کریں جس کی وجہ سے ان پر حد جاری ہوتی ہو، وہ معاف نہیں کی جائے گی'' (ابوداؤد)

## سفید بال

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے سفید بالوں کو نوچنے سے منع فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ ''یہ بڑھاپا مسلمان کا نور ہے''

(ترمذی)

## رحم کرنا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہا، نبی کریم ﷺ کا ارشاد نقل فرماتے ہیں،۔

''رحم کرنے والوں پر رحمان رحم کرتا ہے۔ تم زمین والوں پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔ (ابوداؤد)




www.pegham.com

# A BEATIFUL POETRY DEDICATION ON THE 5TH ANNIVERSARY OF PEGHAM

WRITTEN BY: S.A.Z

## پیغام

ہمارا دل، ہماری جان، ہماری شان ہے پیغام
ہماری آنکھوں کی روشنی اور ادراک ہے پیغام
ہماری مسکراہٹوں کی، اک وجہ ہے پیغام
ہماری خوشیوں میں شامل سدا رہتا ہے پیغام
ہماری دکھ تکلیفوں میں پریشاں ہوتا ہے پیغام
ہمیں مشکل راہوں میں، حوصلہ دیتا ہے پیغام
دوریوں فاصلوں کو سمیٹ ڈالتا ہے پیغام
جانوں انجانوں کو قریب لاتا ہے پیغام
دلوں کی کدورتوں کو مٹا ڈالتا ہے پیغام
سب اپنوں پراؤں میں محبتیں بانٹتا ہے پیغام
علم سیکھو علم سکھاؤ یہ پیغام دیتا ہے پیغام
محبتیں لو محبتیں بانٹو یہ بھی اسی کا ہے پیغام
مشکل میں سب کے کام آؤ، اس کا اک یہ بھی ہے پیغام
اپنے وطن کا چہرہ سنوارو یہ صدا بھی دیتا ہے پیغام
اے سازؔ اک اور پہلو سے بھی بھاتا ہے مجھے پیغام
بے وطنوں کو اپنا وطن یاد دلائے رکھتا ہے پیغام



شاعر: سازؔ




www.pegham.com

# پیغام ڈیزائنرز

Wasi Anjum





Mani16




Khushi



Known Stranger




Jam





Shakeel





Rida



Atif Saad




Gul




Hala



Crystal Thinking



# پیغام دل کی بات

ہے صد شکر کہ۔۔۔
اس دور میں جب!
نظروں کے پردے
ختم ہوئے۔۔۔
جب!
نئی نسل کے ذہن
فحاشی میں ڈوبے ہوئے
رولز اینڈ ریگولیشنز سے
مبرا Froum کو
اپنا پلیٹ فارم بنائے ہیں
ہماری پاس۔۔۔
پیغام
ایک ایسا تحفہ ہے
جہاں سب کی سوچ کا
محور ایک سا ہے
(یعنی اچھی بات سیکھو اور سکھاؤ
جہاں۔۔۔
علم کی شمع کو
ہر کوئی روشن رکھتا ہے

جہاں۔۔۔
abi2cool جیسے
مدبر اپنے علم سے
دین کے ہر مسلے
کو سلجھاتے ہیں
جہاں۔۔۔
آنچل اپنے اخلاق سے
سب کے دل کو بھاتی
جہاں۔۔۔
ردا، خوشی اور ہالہ
اپنا فن بھکیراتی ہے
جہاں۔۔۔
MSA,kutkutariyan, pakgates
ہر وقت مدد کو ہاتھ بڑھاتے ہیں
جہاں۔۔۔
تنہا حسن، نادیہ خان، جیا، عاشی، Sky Angel, Banjarah
فن گاما کی رونق بڑھاتے ہیں
جہاں۔۔۔
TheFire1 سب کی ہمت بندھاتے ہیں
جہاں۔۔۔
منڈا اسیالکوٹی غلط events پر
سب کو ڈانٹ پلاتا ہے

جہاں۔۔۔
یارم کوئی بھی غلط فعل دیکھ کے
وارنگ دے جاتا ہے
جہاں۔۔۔
مسٹر خان competations سے
فارم کو سجاتے ہیں
جہاں۔۔۔
ہمارے پیارے ایڈمن
دن رات اس خوبصورت تحفے کو
اپنے محبت سے سجاتے ہیں
اور ہمیں
یہی پیغام دیتے ہیں
سیکھو اور سکھاؤ

*Written by:*
*Crystal Thinking*



www.pegham.com

# پیغام کی سوالات اور آپ کی جوابات :۔

س ۱۔ پیغام کے ۵ سال، کیا کھویا کیا پایا؟

س ۲۔ پیغام کی پچھلی ۵ سال کی کارکردگی کیسی رہی؟ اور اسے مزید کیسے بہتر بنایا جاسکتا ہے؟

س ۳۔ پیغام فارم کا سب سے مضبوط اور سب سے کمزور پوئنٹ؟

س ۴۔ کچھ یادیں پیغام کے حوالے سے؟

س ۵۔ پیغام کے نام کوئی پیغام؟

## جیاء

ج ۱۔ جہاں تک میں پیغام کو جانتی ہوں تو اس نے ابھی تک پایا ہی پایا ہے ماشااللہ۔

ج ۲۔ پیغام کی کارکردگی بہت اچھی رہی اور اس میں کافی تبدیلیاں بھی آتی رہیں لیکن ساری تبدیلیاں بہت اچھی ثابت ہوئی۔ مزید بہتر بنانے ک لئے اس کے نئے ممبرز کو بھی اتنی ہی اہمیت دینی چاہئے جتنی کہ ہم پرانے ممبرز کو دیتے ہیں۔

ج ۳۔ پیغام کا ساب سے مضبوط پوائنٹ اس کے ممبرز کا ایک دوسرے ک ساتھ اچھا برتاؤ اور پیغام ٹیم کی محنت اور کارکردگی ہے۔ کمزور پوائنٹ ابھی تک میرے دماغ میں کوئی نہیں ہے۔

ج ۴۔ پیغام کے ساتھ ایک رشتہ جڑ گیا ہے اور اس کو جب سے جوائن کیا ہے تب سے لے کر آج تک میں پیغام سے کافی یادیں منسلک کر چکی ہوں۔۔ یہاں مجھے کافی اچھے دوست ملے۔۔ سب کے ساتھ مل جل کر بات کرنے اور گپشپ لگانے کا الگ ہی مزہ ہے اور میری سب سے بڑی یاد یہ ہے کہ میں نے پیغام سے اپنی شاعری کی شروعات کی تھی۔

ج ۵۔ پیغام کے نام بس ایک ہی نام، پیغام جیسا ہے اسے ویسا ہی فیملی فورم رہنے دیا جائے۔ اس میں کسی ممبر کو یہ حق نہ دیا جائے کہ وہ کسی ممبر کی طرف انگلی اُٹھائے یا کسی قسم کی الزام تراشی کرے۔



www.pegham.com

## ساز کی خیالات:

اسلام علیکم یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ پیغام پانچ سال کا ہو گیا پیغام کی انتظامیہ تو جانتی ہی ہے کہ مجھے تو ابھی ایک سال بھی مکمل نہیں ہوا تو میں پیغام کے پچھلے پانچ سالوں کا محاسبہ و موازنہ کس طرح کر سکتا ہوں۔ اگر اللہ جی کو منظور ہوا اور میں پیغام کا مسلسل ممبر رہا تو انشاء اللہ اگلے پانچ سال مکمل ہونے پر اس کے پچھلے پانچ سالوں پر ضرور رائے دوں گا :)

پچھلے پانچ سال کی کارکردگی کا جواب تو وہی ہے جو میں پہلے دے چکا، البتہ مزید بہتر بنانے کے لئے میری تجویز ہوگی کہ پیغام پر یہ سہولت بھی ہو کہ کسی بھی ممبر کے ٹیٹوریل اگر ایک ساتھ دیکھنا چاہیں تو ان تک رسائی آسان ہو یعنی ایک ہی پیج پر میسر ہوں جس طرح نئے شعراء یا ڈیز اینڈ شاعری میں علیحدہ علیحدہ پورشن بنے ہوئے ہیں۔

پیغام کا سب سے مثبت پہلو تو یہ ہے کہ اس کے ممبران خاص طور پر جن افراد نے ٹیٹوریل بنائے ہوئے ہیں وہ کسی بھی ممبر کی پکار پر فوری دھیان دیتے ہیں اور حتی الامکان کوشش کرتے ہیں کہ اس ممبر کی مشکل حل ہو۔ سب سے کمزور پہلو۔۔۔۔۔۔۔۔سوچنا پڑے گا عرق ریزی کرنی پڑے گی۔ ایک پہلو ہے جسے ہم سب مل کر ہی درست کر سکتے ہیں کہ پیغام پر جو تھریڈ لگایا جاتا ہے اُس میں ممبران آپس میں گفتگو شروع کر دیتے ہیں جس سے تھریڈ بیچارا پیچھے رہ جاتا ہے اور تھریڈ لگانے والا بیچ میں سے ڈھونڈ کر اپنے تھریڈ سے متعلق باتیں تلاش کرتا ہے۔ اگر ممبران کو آپس میں اتنا ہی میل جول رکھنا ہے تو ویز ٹر میسج کے ذریعے بھی رکھ سکتے ہیں سو اس میں پیغام انتظامیہ کو ذرا سختی کرنی چاہئے اور تھریڈ سے ہٹ کر جو ممبران گروپ بنا کر باتیں شروع کر دیتے ہیں اُن کی اس عادت کو ختم کروانا چاہئے۔

پیغام سے متعلق یادیں تو بہت سی ہیں جن میں سے ایک دو شیئر کرتا ہوں ایک تو یہ کہ میں ہمیشہ پیغام ممبران کا خاص طور پر ٹیٹوریلز بنانے والوں کا احسان مند رہوں گا وہ ہے ایڈوب کا استعمال۔ پہلے بھی میں ایڈوب کو استعمال کرتا تھا لیکن صرف تصویر کی ایڈیٹنگ کے لئے اس کا اس طرح کا استعمال مجھے پیغام ہی سے معلوم ہوا۔ شکریہ پیغام۔



www.pegham.com

## ساز کی خیالات:

ایک اور بات یاد آ گئی کہ دو نظمیں پیغام پر ڈیزاین کی گئیں تھیں جن کی شاعری پڑھ کر میری آنکھیں بھیگ گئیں ایک نظم تھی "عید آئی ہے بابا کفن بھیج دو اور دوسری پیارے ابو آج جلدی آنا" ایک تو یہ نظمیں ہی بہت دکھی کر دینے والی تھی اوپر سے ان کی ڈیزاینگ اس مناسبت سے کی گئی کہ میں کافی دیر تک اداس رہا۔ دوسری بات جس نے مجھے دکھی کیا وہ یہ کہ ہماری ایک ممبر ہیں اُن پر بیتے حادثے نے مجھے کئی دنوں تک افسردہ رکھا اور میں اس گیت کی گہرائی سمجھ سکا کہ دنیا میں کتنا غم ہے میرا غم کتنا کم ہے۔

یادوں میں سے کچھ یادیں اپنی پیغام پر شروعات کی پوسٹنگ کی بھی ہیں جو کہ مجھے بہت خوش کرتی ہیں کبھی کبھار میں اُن کو کھول کر پڑھتا ہوں اُس وقت کی پوسٹنگ میں میرا ساتھ دیا تھا کنکتاریاں جی نے، فاریہ بہانا نے، تنہا حسن اور مسٹر خان نے جنھیں کہ اب بھی میں بہت انجوائے کرتا ہوں اور اگر یہ ممبران بہت دنوں تک نظر نہ آئیں تو پیغام مجھے ادھورا ادھورا لگتا ہے اللہ جی تمام مسلمانوں اور پیغام ممبران کو شاد رکھیں آباد رکھیں۔

"پیغام" کے نام پیغام یہ کہ اللہ جی تمھیں ہزار ہا ترقی سے نوازیں اور تم اردو جاننے والوں کے دلوں کی دھڑکن بنے رہو۔ آمین

والسلام اطہر ساز۔



www.pegham.com

# قطعات ساز کے قلم سے

پیغام اب ہو گیا پانچ برس کا، نہیں رہا یہ نومولود
اس کی شاخیں لا تعداد یہ نہیں اک جگہ محدود
پیغام کو احسن طرح سے چلانے کو رہتے ہیں موجود
اس کے کرتا دھرتا ہیں ،ایڈمن جناب طارق مسعود

پیغام کی ان سے زینت ایسے ، جیسے آنکھوں میں کاجل
پیغام پر نئے تجربے کرنے کو یہ رہتی ہیں پاگل
ڈیزائنگ ان کی لاجواب،یہ ہیں ٹیچروں میں شامل
انتظامیہ میں ان کا اہم مقام، یہ ہیں مس آنچل

باتیں ان کی پیاری پیاری دور کریں بیماریاں
جملے ان کے چٹکلے سے کرتے ہیں کلکاریاں
کسی بات کا ہوش رہے نہ دیکھیں جب چپس کراریاں
احمر ان کا نام ہے یارو ، نک ہے کلکاریاں

اپنے پیغام کی رونق ان سے یہ ہیں اس کی جان
پیغام پہ جب یہ نظر نہ آئیں یہ لگتا ہے بے جان
سب لوگوں سے پیار سے بولیں ،رکھیں سب کا مان
یہ باتیں جن کی بتلائی ہیں میں نے، وہ ہیں مسٹر خان

پیغام میرا ایسا جیسے گلوں کا ہو چمن
اس کا اک اک ممبر جیسے پھولوں پر جوبن
دلوں میں گھر کر جانے کا آتا ہے ان کو فن
انہی میں اپنے اک دوست ہیں جناب تنہا حسن



www.pegham.com

پیارے سے ممبروں میں یہاں پر ایک بھٹکتی روح بھی ہے

''گل'' یہاں پر رنگ بکھیرے، اک درد آشنا خاتون بھی ہے

اک دھوپ چھاؤں سی فارو ہے، تو چلبلی سی عاشی بھی ہے

یہاں اک اچھی ''اُمید'' ہے تو چاند کا منور ''ہالہ'' بھی ہے

ادھر اُدھر کو آتا جاتا منزلوں کو ڈھونڈتا بنجارہ بھی ہے

جس کے آگے بل گیٹس پانی بھرے، ادھر ایسا ''پاک گیٹس'' بھی ہے

مسکراہٹ پہ جسکی فدا ہوں سارے یہاں ایسی ''رِدا'' بھی ہے

ہمارے لئے اک خوشی کی بات کہ ہمارے ساتھ اک ''خوشی'' بھی ہے

اسلامی شعار جسکا اصول ہے، ایسا پیارا سا ''آبی ٹو کول'' بھی ہے

ایک یہاں پر ایم ایس اے'' ہے ایک منڈا سالکوٹی بھی ہے

جو ہر مشکل سے بھڑ جائے یہاں ایسا شہباز بھی ہے

اک ٹوٹا پھوٹا بد رنگا سا بے سُرا سا ساز بھی ہے

نوٹ:۔ جن احباب کے نام شامل نہیں کر سکا ان سے معذرت چاہوں گا۔ اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ میرے دل میں اُن کی جگہ نہیں ہے بلکہ صرف طوالت، اور وقت کی کمی آڑے آگئی.

On the behalf of Pegham Administration Team and Members ,
I would like to say
"Huge THANKS" to Dear SAZ on
his stunning poetry and thoughts.



www.pegham.com

Passionaire اپنی خیالات کے اظہار یوں کرتی ہے۔۔۔۔

سوال نمبر۱: پیغام کے پانچ سال، کیا کھویا کیا پایا؟

جواب: میں تو ابھی نئی آئی ہوں اِس لیئے اتنا اندازہ نہیں ہے۔

سوال نمبر۲: پیغام کے پچھلے پانچ سال کی کارگردگی کیسی رہی؟ اور اِسے مزید بہتر کیسے بنایا جاسکتا ہے؟

جواب: میرے خیال میں تو یہاں پہ اتنی محنت دیکھی ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ بہترین کارگردگی کا حامل رہا ہے، باقی اِسے مزید بہتر بنانے کیلیئے وقت کی ضرورت کے ساتھ ساتھ نیا مواد لایا جائے۔

سوال نمبر۳: پیغام فارم کا سب سے مضبوط اور سب سے کمزور پہلو؟

جواب: سب سے مضبوط پہلو سیکھنے سکھانے کا عمل ہے اور سب سے کمزور پہلو ---میرے خیال میں فارم کی گزشتہ Look اِس موجودہ سے بہتر تھی۔

سوال نمبر۴: کچھ یادیں پیغام کے حوالے سے؟

جواب: خواتین کا پہلا رسالہ یعنی پیغام چلمن کا وجود میں آنا اور اِسی لیئے میرا اِس فارم کو Join کرنا۔

سوال نمبر۵: پیغام کے نام کوئی پیغام؟

جواب: سیکھتے رہیئے اور سکھاتے رہیئے۔



www.pegham.com

## کرسٹل تیننگ کہتی ہے کہ۔۔۔۔۔

ج ۱: پیغام کو میں نے ۲۰۰۸ میں جوائن کرا تھا پر یہاں ragular میں ۲۰۰۹ میں ہوئی تو اسطرح دیکھا جائے تو ابھی پیغام کے ساتھ سفر شروع ہوئے ایک سال کا عرصہ ہوا ہے۔ اسلیئے یہ بتانا مشکل ہے کہ پیغام نے کیا کھویا اگر ایک سال کی بات کریں تو لگتا ہے پیغام نے اگر کچھ کھویا بھی ہے تو اُسکے بدلے میں بہت کچھ پایا بھی ہے اور ایک مسلسل جدو جہد کا یہ پھل ہے کہ ہم آج پیغام کے پانچوں سال کو منا رہے ہیں۔

ج ۲: میں پانچ سالوں کی نہیں صرف پانچویں سال کی بات کروں گی (: پیغام میں بہت سی مثبت تبدیلیاں آتی رہیں ہیں پر جو سب سے اچھی آئی وہ پیغام کی نئی لُک ہے۔ جو پیغام میں جدت لائی ہے۔ اس وقت تو ایسی کوئی بات میرے دماغ میں نہیں جس پر کوئی اشو ہو جہاں تک بات مزید بہتری کی ہے تو وہ بھی وقت کے ساتھ ساتھ آجائے گی کیونکہ تبدیلی وقت کے ساتھ ہی آتی ہے اور اُسی کو دل و دماغ قبول بھی کرتے ہیں۔

ج ۳: پیغام کا سب سے مضبوط پہلو یہاں کا ماحول ہے۔ ایک ایسی جگہ جس کو آپ سچ میں فیملی فورم کہ سکتے ہیں۔ یہاں کے سب ممبرز بہت اچھے ہیں اور سب ہی ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں۔ دوسرے فورمز میں جو کچھ ہوتا ہے وہ کسی سے ڈھکا ہوا نہیں۔ ایسے میں پیغام ایک نعمت سے کم نہیں۔ اس فورم کی خوبی ہے کہ یہ اپنے لوگوں کو خود سے پُرخلوص رکھتا ہے۔ اور یہاں کے لوگ ایک دوسرے کو علم سکھانے میں کوشاں نظر آتے ہیں۔ ایک دوسرے کی غلطیوں کو خوش اسلوبی سے سدھارتے ہیں۔ جس سے جہاں تک ہوسکتا ہے وہ دوسرے کی مشکل آسان کرنے کی پوری کوشش کرتا ہے۔ جہاں اتنے مثبت پہلو ہیں وہاں کوئی ایک منفی پہلو بھی ہوگا۔ تو میری نظر میں جو منفی پہلو ہے وہ یہ ہے کہ کُچھ تھریڈز ایسے ہوتے ہیں جہاں ٹو دا پوائنٹ ہی بات ہونی چاہیے پر ہوتا یوں ہے کہ ممبرز مجھ سمیت وہاں اپنی ہی باتیں شروع کر دیتے ہیں جس سے اُس تھریڈ کا اصل مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ میرے خیال میں اس ایک بات پر سوچنا چاہیے ہے۔ اس کے علاوہ میرے خیال میں ایسا اور کوئی پہلو نہیں ہے اور یہ پہلو سب سے کمزور پہلو میں نہیں آتا بس تھوڑا سا چھوٹا سا کمزور ہے۔



www.pegham.com

ج ۴: یادوں کے سفر پہ نکلوں تو ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہے۔ پہلے دن سے آج تک یادیں ہی یادیں ہیں اور اللہ کا شکر ہے کہ سب ہی بہت اچھی ہیں۔ یہاں میں اپنی زندگی کی سب سے بڑی خوشی پائی ہے۔ اپنی شاعری کا آغاز بھی میں نے یہاں سے کیا اور وصی جی کی وجہ سے اور لکھنے کا حاصلہ ملا۔ پھر میں نے ڈیزائنگ کا آغاز بھی یہاں سے ہی کیا۔ بہت سے اچھے دوست ملے لائیک ہالہ، آنچل، ردا، جیا، خوشی، نادیہ، سکائی اینجل، پاک گیٹس، ایم ایس اے، کوکو، مُنڈا سیالکوٹی اور بہت سے۔ اوہ ہو میں نے ایڈمین کا نام نہیں لکھا کہیں وہ ناراض ہی نہ ہو جائیں۔ پیغام کے کچھ ممبرز دل کے بہت قریب ہیں کبھی کبھی لگتا ہے جیسے اُن کے ساتھ کو بہت قریب کا رشتہ ہو۔ ان میں ہالہ جانی، آنچل، کنکتاریاں اور پاک گیٹس ہیں۔

ج ۵: پیغام کے لیے یہ پیغام کہ وہ اس ترقی کے سفر پہ ہمیشہ اسی طرح گامزن رہے اور اسکی اس ترقی میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ آمین

کرسٹل تھینکنگ

www.pegham.com



www.pegham.com

موسموں کی شدت بآسانی جھیل جائے گا پیغام
برسے گا تو کچھ اور اُفق پر پھیل جائے گا پیغام

لرزے گا ہر چشم اگر فرط حیا سے
شبنم کی طرح رُخ پہ بکھر جائے گا پیغام

محبت ہی محبت ہو، ندامت کا آنسو نہ ہو
جتنا بھی سنوارو گے سنور جائے گا پیغام

گر یوں ہی رہا طائرِ مسعود کے شانوں پہ
دھنک دھنک ہر شے کو کر جائے گا پیغام

یوں حیران نظروں سے نہ دیکھا کرو
آئینہ ہے آئینہ دل میں اُتر جائے گا پیغام

شاعرہ: کرسٹل تھینکنگ

Thanks Dearo Crystal Thinking
for writting
your second touchy poem on the
events of Pegham 5th Birthday.
Be happy



www.pegham.com

Raniya

ج ا۔ پیغام پر مجھے آئے ابھی تقریباً 8 ماہ ہو چکے ہیں۔ اَب اِن 8 مہینوں میں، میں نے جو نوٹ کیا ہے، آپ سے شیئر کروں گی۔ میں یہ نہیں کہوں گی کہ پیغام نے صرف پایا ہے اور کچھ کھویا نہیں۔ نہیں جانتی کیا مگر کچھ تو ہے جو پیغام میں اَب ویسا نہیں رہا جیسے پہلے تھا۔ شاید ممبرز کے انٹرسٹ کی کمی یا پھر ایٹریکٹو مواد نہ رہا لیکن پیغام نے اپنی تھوری، بہت رونق کھو دی ہے۔ جس پر ہم سب کو توجہ دینی چاہیئے۔

ج ۲۔ پچھلے پانچ سال۔۔۔ میں ان کے بارے میں زیادہ تو کچھ نہیں کہہ سکتی لیکن اتنا اندازہ ہوتا ہے کہ کارکردگی بہت ہی اعلیٰ رہی ہوگی جو کہ پیغام آج اس مقام پر ہے۔۔۔ کہ اس کے ممبرز کی تعداد آج ہزاروں میں اور پوسٹنگ کی لاکھوں میں ہے۔

مزید بہتری کے لیے بس یہی کہنا چاہوں گی کہ۔۔ ڈیڈیکیشن کی ضرورت ہے۔۔۔ پیغام سے ہم جتنا لیتے ہیں اُتنا نہیں تو کم اَز کم کچھ تو لوٹانا ہی چاہیئے۔۔۔ کیونکہ پیغام کا شُعار ہے ''سیکھو اور سکھاؤ''

ج ۳۔ مثبت پہلو یہاں کے ممبرز کے پاس میں وہ عجیب رشتہ ہے جو سب کو ایک ساتھ باندھے رکھتا ہے۔۔۔ کسی ایک کی کمی سب کو کھلتی ہے۔۔۔ کسی ایک کا درد سب کو دکھ دیتا ہے۔۔۔ ایک ممبر کی خوشی سب کو خوش کر دیتی ہے۔۔۔ ہاں آج تک سوچتی رہی کہ۔۔ آخر اِس رشتے کو نام کیا دیا جائے۔۔ تو بس ایک ہی جواب ملا ''انما المومنون اخوۃ''

اور جو لڑائی جھگڑے اکثر یہاں ہوتے ہیں کبھی کبھی یہی مجھے نیگیٹیو لگتے ہیں لیکن پھر سوچتی ہوں فیملی میں تو یہ سب چلتا ہے نہ۔۔۔ اور پھر جہاں پیار ہوتا ہے جھگڑے بھی تو وہیں ہوتے ہیں۔

ج ۴۔ پیغام نے میری زندگی میں بہت ہی کم وقت میں ایک اہم اور خاص مقام پا لیا ہے۔۔۔ اِس فورم سے میری یادیں ہی نہیں کئی رشتے بھی جڑ گئے۔۔۔ آج بھی یاد آتا ہے کہ۔ جب شروع میں آئی تھی۔۔ کیسے MSA uncle کی ٹانگ کھینچی تھی۔۔۔ وہ عید پر سب بھائیوں سے عیدی مانگنا۔۔ کسی نے پیار سے دی تو ٹھیک، نہیں تو جھگڑا کرنا۔۔ غرض پیغام نے ہمیں آج تک خوشیاں ہی دی ہیں۔۔۔ اور یہ احساس تو میں پیغام کا کبھی نہیں بھول سکتی کہ یہی ہے جس نے مجھ جیسی لڑکی کو بولنا اور ہنسنا سکھایا۔



www.pegham.com

ہاں پیغام میں کچھ رشتے ایسے بھی ملے جو اپنوں سے بھی زیادہ اپنے لگے اور ہمیشہ ہماری زندگی کا حصّہ بنے رہیں گے۔ جیسے''Illife'' as a Best Friend

''Mano'' ایک چھوٹی سی دادی کے روپ میں۔

''Hassan'' بھائی جو نہ صرف خود میرے بھائی بنے۔۔ بلکہ انہوں نے مجھے اپنی فیملی کا حصّہ بنایا۔

اور بھی بہت سارے چاچو، ماموں، بھائی بہن جن میں سے سرِ فہرست ہیں

ammu,lala,Rida,Hala,Ali,Maaz bro,uncool

اور اگر کسی کا نام نہیں لکھا تو یہ نہ سمجھے گا کہ میں بھول گئی ہوں۔۔ بس صرف اس لیے نہیں بتایا کہ کچھ رشتے دل میں رہتے ہیں۔۔۔ جو بہت ہی خاص ہوتے ہیں، اُن کے بارے میں یوں کھلے عام بتائیں گے تو اُن کو نظر بھی لگ سکتی ہے۔ (ہنسی)

ج ۵۔ پیغام کو بس صرف اِتنا کہنا چاہوں گی۔۔ واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا

## MR.KHAN

ج ۱۔ کھونا یا پانا۔۔ زندگی کا حصّہ ہے۔ پیغام نے پچھلے 5 سالوں میں بہت سے انمول ممبرز کو کھویا اور بہت سے اچھے ممبرز کو پایا۔

ج ۲۔ اگر پیغام کے ابتدائی دور پر نظر ڈالی جائے تو پیغام کی وہ ترقی اور وہ کام اَب پیغام پر نظر نہیں آتا۔۔ پیغام کو بلندی پر پہنچانے والے وہ ممبرز اب پیغام پر نہیں ہیں۔ اور اَب ممبرز میں کام کرنے کا وہ جذبہ بھی نہیں ہے۔

ج ۳۔ پیغام کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے ہمیں unite ہو کر کام کرنا ہوگا۔

ج ۴۔ پیغام کا سب سے مضبوط پوائنٹ۔۔۔ ''فورم کے رولز اور ریگولیشنز''

پیغام کو کمزور پوائنٹ۔۔۔''No planning for work like a team''

ج ۵۔ میسج صرف یہ ہے کہ۔۔۔ ''ہم پیغام کو حصہ رہیں یا نہ رہیں، یہ پیغام ہمیشہ قائم و دائم رہے''



www.pegham.com

# Pegham Promise

Pegham Promise is spoken only by the heart
It is not written on any paper
It is not given by any pledge,
But, it's a promise that is renewed
Every time when member signed in,
And I welcome them with a smile
We share good time and having fun that
Come from simply being together..
Pegham promise speaks in sad times when
Moment freeze..
Time stops
Life pauses
Pegham promise is a crystal language
Which is so deep & only emotions
Spill out & words in silence
Pegham Promise is spoken only by the heart
A promise that is
Always kept by love.

Written by: Crystal Thinking



www.pegham.com

www.pegham.com



تمھاری سالگرہ پہ یہ دعا ہے میری
کہ ایسا روزِ مبارک ہزار بار آئے
تمھاری ہنستی ہوئی زندگی کی راہوں میں
ہزاروں پھول لٹاتی ہوئی بہار آئے
designed by A to Z
سالگرہ مبارک

# PEGHAM

# Celebrating Five Years Of Pegham